11103 ـ صاحب امانت کی اجازت کے بغیرامانت استعمال کرنے تحریم

سوال

میرے پاس ایک شخص نے بطورامانت اپنی گاڑی کھڑی کی اورسفرپر چلاگیا ، اس کی اجازت کے بغیر مجھے مجبورا اس کی گاڑی استعمال کرنا پڑی توکیا اس کی غیر موجودگی میں گاڑی استعمال کرسکتا ہوں یا اسے وہیں کھڑی کردوں ، آپ کے علم میں ہونا چاہیے کہ مجھے اس کے استعمال کرنے کی ضرورت ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

بغیر اجازت استعمال کرنا حرام ہے ، اس لیے کہ علماء کرام کا کہنا ہے : امانت میں صاحب امانت کی اجازت کے بغیرتصرف کرنا حرام ہے ، اورپھر یہ امانت کے بھی منافی ہے ، اسے توآپ کے پاس امانت رکھا گیا ہے لھذا آپ اسے مالک کی اجازت کے بغیر استعمال نہیں کرسکتے ۔

لھذا آپ کو چاہیے کہ آپ اسے اپنی جگہ واپس کھڑا کردیں اوراس کی حفاظت کریں ، اورآپ نے اسے استعمال کرکے جوغلطی کی ہے وہ جائزنہیں تھا اس سے آپ گنہگار ہوئے ہیں لیکن اگرمالک آپ کواس کی اجازت دے دے تواس میں کوئي مانع نہیں ہوگا ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .